سوال

(40)اس عورت کا کیا حکم ہے جو مکۃ المکرمہ پہنچنے کے بعد حائضہ ہوگئی

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اس عورت کا کیا حکم ہے جو مکۃ المکرمہ پہنچنے کے بعد حائضہ ہوگئی اوراس کے اہل وعیال مکہ سے سفر سے کرنا چاہتے ہیں ۔کیا وہ لوگ اس کا انتظار کریں یا سفر کر جائیں ؟خواہ سفر کی مسافت قصر کی ہو یا اس سے کم ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر یہ عورت طواف سے قبل حائضہ ہوئی ہے تو پاک ہونے تک انتظار کرے گی اور پاکی کے بعد طواف وغیرہ کر کے اپنا عمرہ پورا کرے گی۔ہاں اگر اس نے احرام باندھتے وقت یہ شرط لگائی ہے کہ جہاں کہیں بھی مجھے رکاوٹ پیش آئی وہیں میں حلال ہو جاؤں گی تو ایسی صورت میں وہ حلال ہو کر اپنے اہل وعیال کے ساتھ مکہ سے سفر کرے گی اس پر کوئی حرج نہیں ہے۔

[فتاوی مکیہ]

صفحہ 30

محدث فتویٰ